ڈسکوز کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر نیپرا کی عوامی سماعت

کراچی، 14 نومبر 2023:نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے منگل کو مالی سال2024- 2023 کی پہلی سہ ماہی کے لیے یکساں کیو ٹی اے کی درخواست پر عوامی سماعت کی۔ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی درخواست XWDISCOS نے دائر کی تھی۔ وفاقی حکومت کی جاری کردہ پالیسی گائیڈلائنز اور یکساں ٹیرف پالیسی کے تحت کے۔ الیکٹرک کے صارفین پر بھی نیپرا کا فیصلہ لاگو ہوگا۔

نیپرا درخواست کی جانچ پڑتال کے بعد صارفین کو منتقل کی جانے والی رقم کا حتمی فیصلہ کرے گا۔ نیپرا اور حکومت پاکستان گورننگ پالیسیاں اور قواعد و ضوابط بناتی ہیں، جن کے مطابق صارفین سے اُن کے ماہانہ بلوں کے ذریعے وصول کیے جانے والے اخراجات کا تعین کیا جاتا ہے۔ انفرادی تقسیم کار کمپنیاں اس عمل کا حصہ نہیں ہوتیں اور نہ وہ یکطرفہ تبدیلیاں کرسکتی ہیں۔

ڈسکوز کی جانب سے کیو ٹی اے کی درخواست کیپسٹی چارجز اور ٹرانسمیشن چارجز ہیں، جس میں ایف سی اے کے سبب ہونے والے ٹی اینڈ ڈی نقصانات اور متغیر آپریشن ومینٹیننس چارجز بھی شامل ہیں۔

کے الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد احصص ہیں۔